آئرلینڈ کے ایک بیرسٹر کی حضور انور ایدہ اللہ سے ملاقات

بعد ازاں آئرلینڈ سے آنے والے ایک بیرسٹر Garry O'Halloran نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کا شرف پایا۔

موصوف نے بتایا کہ وہ سیاستدان بھی رہے ہیں اور بیرسٹر بھی ہیں اور آجکل جماعت کے اسائلم کے کیسز ڈیل کر رہے ہیں اور بعض بڑے مشکل کیسز انہوں نے لئے ہیں اور ان میں کامیابی حاصل کی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے موصوف کو دعا دی کہ اللہ تعالیٰ تمام کیسز میں آپ کی مدد کرے اور کامیابی دے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یوکے میں جو Country Guidance کے حوالہ سے فیصلہ آیا ہے آپ اس کی بھی مدد لے سکتے ہیں۔ اسی طرح بعض اور فیصلہ جات ہیں اور سٹیٹمنٹس ہیں ان سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔

بیرسٹر Garry کی حضور انور سے یہ ملاقات سوا بارہ بجے ختم ہوئی۔

❁ ساڑھے بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پارلیمنٹ کے Prayer Room میں تشریف لا کر ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یورپین پارلیمنٹ میں یہ پہلی نمازیں تھیں جو خلیفۃ المسیح نے پڑھائیں۔